ایس ایم شفیع پینٹ ہاؤس کا افتتاح

مورخہ 23 فروری بروز جمعرات شیخ عبدالرزاق اوران کے بیٹے شیخ محمد اعجاز نے اُثر یہ مارکیٹ میں پینٹ کا کاروبار شروع کیا جس میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کامیاب تجارت کے موضوع پر مختصر مگر جامع درس ارشاد فرمایا اور دعا کی۔

جامع مسجد اہل حدیث سینتھے (کلرسیداں) میں تبلیغی پروگرام

مورخہ 25 فروری بروز ہفتہ حسن اختر صاحب اوران کے ساتھیوں نے جامع مسجد اہل حدیث سینتھے کلر سیداں میں تبلیغی پروگرام کا انعقاد کیا نماز مغرب کے بعد پروگرام کا آغاز ہوا۔ مولانا قطب شاہ اور نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے اس موقع پر درس دیا جس میں مقامی لوگوں نے کافی تعداد میں شرکت کی۔

جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گھوڑہ میں جلسہ

مورخہ 2 اپریل بروز اتوار بعد نماز عشاء جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گھوڑہ تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان جلسہ کا انعقاد کیا گیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری عبداللطیف خطیب جامع مسجد اہل حدیث پوران نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز ملک عبداللہ اعوان کی تلاوت سے ہوا، جلسہ سے مولانا خالد محمود خطیب جامع مسجد اہل حدیث حسن آباد جادہ جہلم، مولانا نوید احمد بشار مدرس جامعہ اور مولانا انعام اللہ عثمانی آف اوکاڑہ نے خطاب کیا۔ آخر میں مولانا قطب شاہ نے اختتامی کلمات کہے اور دعا کی۔ اس پروگرام میں پوران اور گردونواح سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جاوید اکرم [illegible]

مورخہ 17 فروری بروز جمعہ جاوید اکرم وزبیر اکرم کے والد محمد اکرم کوٹلہ آئمہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے کوٹلہ آئمہ میں پڑھائی۔